**25.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

.......................................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ خواتین پر مظالم، ناقابلِ معافی گناہ ہے اور قصوروار کو ہرگز نہ بخشا جائے۔

☆ وزیر اعظم نے، سبھی کو انصاف فراہم کرنے کے مقصد سے، عدالتی نظام میں نئی ٹیکنالوجی اور اختراعات سے کام لینے کو کہا ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے، منشیات کی غیر قانونی تجارت کے نیٹ ورک کو، بے رحمانہ طریقے سے منہدم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

☆ لبنان میں قائم دہشت گرد گروپ حزب اللہ اور اسرائیل نے، ایک دوسرے کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائیاں شروع کی ہیں۔

☆ اور بھارت کی، سرفنگ ٹیم نے پہلی بار 2026 کے ایشیائی کھیل مقابلوں میں جگہ بنا لی ہے۔

.......................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *PM LAKHPATI DIDI*

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے خواتین کو بااختیار بنانے کے ساتھ ساتھ اُن کی حفاظت ملک کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین پر مظالم ناقابلِ معافی جرم ہے اور قصوروار کو ہرگز نہ بخشا جائے۔ جناب مودی مہاراشٹر کے شہر جَل گاؤں میں منعقدہ ایک تقریب میں 11 لاکھ 'نئی لکھپتی دیدیز سرٹیفکیٹ' تقسیم کرنے کے بعد اظہار خیال کر رہے تھے۔ جناب مودی نے کہا کہ اسپتالوں، اسکولوں، دفتروں اور پولیس نظام جیسے سرکاری اداروں کو، جواب دہ بنایا جائے اور اس سلسلے میں کوئی لاپرواہی، ناقابلِ معافی ہے۔

SB/ PM Atrocities on Women

وزیر اعظم نے کہا کہ سماج اور سرکار کے طور پر ہماری سب سے بڑی ذمہ داری خواتین کی زندگی اور وقار کی حفاظت ہونی چاہیے۔

وزیر اعظم نے لکھپتی دیدیز کا بھی خیرمقدم کیا اور اُن سے اُن کے کاروبار کے بارے میں بات چیت کی۔ انہوں نے خاص طور سے کہا حکومت خواتین کے لیے وہ سبھی شعبے کھولنے کی جانب کام کر رہی ہے، جو ابھی تک اُن کے لیے ممنوعہ تھے۔×

## PM-JUDICIAL SYSTEM

وزیر اعظم نریندر مودی نے سبھی کو انصاف فراہم کرنے کے مقصد سے عدالتی نظام میں نئی ٹیکنالوجی اور اختراعات سے کام لینے کو کہا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ انصاف کی فراہمی کو آسان بنانا ایک اجتماعی ذمہ داری ہے، اگرچہ موجودہ طور طریقوں سے، اِس مقصد میں پیچیدگی پیدا ہوتی ہے۔ وہ جودھپور میں، راجستھان ہائی کورٹ کی پلاٹینم جوبلی کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔
وزیر اعظم نے فرسودہ قوانین میں ترامیم کیے جانے سمیت، سیدھے سیدھے انصاف کی فراہمی کی جانب ملک کی تاریخی پیش رفت کا خاص طور پر ذکر کیا۔ انہوں نے فوجداری قوانین میں حالیہ اصلاحات کو لازمی قرار دیا اور کہا کہ یہ تبدیلیاں ملک کی بڑھتی ہوئی اُمنگوں اور جدید نظام کی ضرورت کے مطابق کی گئی ہیں تاکہ ایک نئے بھارت کے ویژن میں مدد دی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پورے ملک کی اٹھارہ ہزار سے زیادہ عدالتوں کا کام کاج کمپیوٹر کے ذریعے کیا جا رہا ہے، جس سے لوگوں کو خاطر خواہ فائدہ ہوا ہے۔

S/B PM on Ease of Justice

جناب مودی نے تنازعات کو حل کرنے کے متبادل نظام کی بھی وکالت کی، جس کے بارے میں اُن کا یقین ہے کہ اِس سے زندگی اور انصاف کی فراہمی میں سہولت پیدا ہوگی۔
تقریب کے دوران وزیر اعظم نے راجستھان ہائی کورٹ میوزیم کا افتتاح کیا اور TWARIT پروگرام کا آغاز کیا۔×

## PM - MAN KI BAAT

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کے خلائی شعبے میں ترقی کی آج ستائش کی۔ آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ خلائی شعبے میں اصلاحات سے ملک کے نوجوانوں کو کافی فائدہ پہنچا ہے۔ وزیر اعظم نے اِس مہینے کی 23 تاریخ کو خلاء سے متعلق قومی دن کی اہمیت پر زور دیا، جو چندریان 3 مشن کی کامیابی کے سلسلے میں منایا گیا۔

S/B: PM Modi Space

'مَن کی بات' کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے Spacetech اِسٹارٹ اَپ Galax Eye کی ٹیم کے ارکان کے ساتھ گفتگو بھی کی، جسے IIT مدراس کے سابق طلباء نے لانچ کیا تھا۔ وزیر اعظم کہا کہ خلاء سے متعلق ایکو نظام فعال بن رہا ہے۔
جناب مودی نے کہا کہ لال قلعے سے اِس سال انہوں نے غیرسیاسی پس منظر والے ایک لاکھ نوجوانوں پر

زور دیا تھا کہ وہ سیاسی نظام کے ساتھ منسلک ہوں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اِس پر زبردست جوش و خروش دیکھنے میں آیا ہے اور بڑی تعداد میں نوجوان سیاست میں داخل ہونے کیلئے تیار ہیں۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ غیر سیاسی پس منظر والے نوجوانوں کے سیاست میں شامل ہونے سے ملک کے مستقبل میں یکسر بدلاؤ آئے گا۔x

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کے خلائی شعبے میں ترقی کی آج ستائش کی۔ آکاشوانی پر ’من کی بات‘ پروگرام میں ملک کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ خلائی شعبے میں اصلاحات سے ملک کے نوجوانوں کو کافی فائدہ پہنچا ہے۔ وزیر اعظم نے اِس مہینے کی 23 تاریخ کو خلاء سے متعلق قومی دن کی اہمیت پر زور دیا، جو چندریان 3 مشن کی کامیابی کے سلسلے میں منایا گیا۔

S/B: PM Modi Space

’من کی بات‘ کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے Spacetech اِسٹارٹ اَپ Galax Eye کی ٹیم کے ارکان کے ساتھ گفتگو بھی کی، جسے IIT مدراس کے سابق طلباء نے لانچ کیا تھا۔ وزیر اعظم کہا کہ خلاء سے متعلق ایکو نظام فعال بن رہا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ لال قلعے سے اِس سال انھوں نے غیرسیاسی پس منظر والے ایک لاکھ نوجوانوں پر زور دیا تھا کہ وہ سیاسی نظام کے ساتھ منسلک ہوں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اِس پر زبردست جوش و خروش دیکھنے میں آیا ہے اور بڑی تعداد میں نوجوان سیاست میں داخل ہونے کیلئے تیار ہیں۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ غیر سیاسی پس منظر والے نوجوانوں کے سیاست میں شامل ہونے سے ملک کے مستقبل میں یکسر بدلاؤ آئے گا۔x

## ***REV NARCOTICS CONTROL BUREAU***

امور داخلہ اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے آج چھتیس گڑھ کے Nava رائے پور میں منشیات کی روک تھام کے بیورو کے علاقائی یونٹ آفس کا ورچوئل طریقے سے افتتاح کیا۔ اِس موقع پر مرکزی وزیر داخلہ کی صدارت میں چھتیس گڑھ میں منشیات کی صورتحال سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ بھی ہوئی۔ اِس موقع پر جناب شاہ نے کہا کہ 2047 یعنی بھارت کی آزادی کے 100 سال مکمل ہونے تک ملک سے منشیات کا خاتمہ کرنے کا وزیر اعظم نریندر مودی کا عزم، اب ہر ایک ہموطن کا عزم بنتا جا رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ منشیات کا غیرقانونی کاروبار ملک کی سلامتی کے منافی ہے۔

S/B: Amit Shah

انھوں نے کہا کہ اِس سے حاصل کی گئی رقم سے دہشت گردی اور بائیں بازو کی انتہا پسندی کو بڑھاوا دیا جاتا ہے اور ملک کی معیشت کمزور ہوتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ منشیات کے غیر قانونی کاروبار کے نیٹ ورک کو سختی سے تباہ کیے جانے کی ضرورت ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ حکومت اس کے خلاف بالکل بھی برداشت نہ کرنے والی پالیسی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔x

## ***BJP-CEC***

BJP کی مرکزی الیکشن کمیٹی کی میٹنگ دلّی میں، پارٹی کے ہیڈکواٹر میں چل رہی ہے، جس کا مقصد جموں کشمیر میں آنے والے انتخابات کے لیے نمائندوں کے ناموں کی فہرست تیار کرنا ہے۔ اس میٹنگ میں وزیر اعظم نریندر مودی بی جے پی صدر جگت پرکاش نڈّا، مرکزی وزیر امت شاہ، جتیندر سنگھ اور پارٹی کے دیگر سینئر رہنما موجود ہیں۔x

## REV PREZ JANAMASHTAMI GREETINGS

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے جنم اشٹمی کے موقع پر سبھی شہریوں اور بیرون ملک مقیم بھارتیوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا ہے کہ خوشی کا یہ تہوار، بھگوان شری کرشن کے آدرشوں کے تئیں خود کو وقف کرنے کا حوصلہ دیتا ہے۔ انھوں نے ہر ایک سے زور دے کر کہا کہ وہ بھگوان شری کرشن کی تعلیمات پر عمل کریں اور ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے کام کرنے کا عزم کریں۔

اپنے پیغام میں جناب دھنکھڑ نے کہا ہے کہ جنم اشٹمی کا دن بے حد روحانی اہمیت کا حامل ہے، جو بھگوان کرشن کی پیدائش سے منسلک ہے، جو خلوص و محبت، علم و فراست اور پارسائی کی علامت ہیں۔ x

## JITENDRA US MEET

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے نئی دلّی میں امریکہ-بھارت سِول نیوکلیائی کامرس کے موضوع پر دو طرفہ میٹنگ کی صدارت کی۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کی وزارت نے کہاکہ میٹنگ میں سائنس، ٹیکنالوجی اور صاف ستھری توانائی جیسے اہم شعبوں سمیت دونوں ممالک کے درمیان گہرے تعاون کو اجاگر کیا گیا۔ میٹنگ کے دوران ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ گگن یان مشن سے ایک بھارتی خلاء باز بین الاقوامی خلائی اسٹیشن میں شامل ہونے کیلئے تیار ہے، جو بھارت اور امریکہ کے درمیان خلائی تعاون میں ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ x

## CBI - RG KAR

مغربی بنگال میں مرکزی جانچ بیورو CBI نے ایک زیرِ تربیت خاتون ڈاکٹر کی آبرو ریزی اور قتل کیس کے تناظر میں کولکاتہ کے RG Kar میڈیکل کالج اسپتال میں مالی بے ضابطگیوں کے الزامات کے سلسلے میں آج صبح 15 مقامات پر تلاشی کی کارروائی کی۔

CBI کی ایک ٹیم، میڈیکل کالج کے سابق پرنسپل ڈاکٹر سندیپ گھوش سے ، اُن کی رہائش گاہ پر پوچھ تاچھ کررہی ہے، جبکہ CBI کی ایک اور ٹیم، میڈیکل کالج کی نئی پرنسپل اور وائس پرنسپل سے پوچھ تاچھ کررہی ہے۔ اس کے علاوہ، CBI کی دیگر ٹیمیں اسپتال کے سابق سپرنٹنڈنٹ پروفیسر Debashis Som اور وائس پرنسپل ڈاکٹر سنجے وَشِشٹھ نیز میڈیکل سپلائر Bipal Singh سے ، اُن کی رہائش گاہوں پر پوچھ تاچھ کررہی ہے۔ x

## TELANGANA CM

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت اگلے تعلیمی سال میں کھیل کود کی ایک یونیورسٹی قائم کرے گی، جس کا مقصد کھیل کود میں حصہ لینے والے ایسے لوگوں کی تعداد میں اضافہ کرنا ہے، جو اولمپک تمغے حاصل کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ اسپورٹس یونیورسٹی، ایتھلیٹس کو تربیت دینے کے لیے بین الاقوامی کوچز کی خدمات حاصل کرے گی۔ وزیر اعلیٰ آج حیدرآباد میں Gachibowli اسٹیڈیم میں، 10 کلو میٹر اور 5 کلو میٹر کی، NMDC حیدرآباد میراتھن کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ینگ انڈیا اسپورٹس یونیورسٹی کا منصوبہ، ینگ انڈیا Skills یونیورسٹی کے مطابق ہے، جو مختلف شعبوں میں نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کے لیے حال ہی قائم کی گئی ہے۔

انہوں نے کہا کہ انہوں نے جنوبی کوریا کے اپنے حالیہ دورے میں، Seoul میں کوریا کی، کھیل کود سے متعلق قومی یونیورسٹی کا دورہ کیا، جہاں ایتھلیٹس کی، اولمپک تمغے جیتنے کی صلاحیتوں میں اضافہ کیا جاتاہے۔

حیدرآباد میں ایک اسپورٹس یونیورسٹی قائم کرنے کے لیے جنوبی کوریا کی اسپورٹس یونیورسٹی کے ساتھ ایک معاہدہ کیا گیا ہے۔x

## ***TRIPURA***

تریپورہ میں NDRF کا عملہ، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں راحت کا کام انجام دے رہا ہے۔ ریاست میں سیلاب کے پانچویں دن بھی NDRF کی 5 بٹالینیں، جنوبی تریپورہ اور سیپاہجالا ضلعوں میں بچاؤ اور راحت کا کام کر رہی ہیں۔ یہ ضلعے سیلاب سے شدید طور پر متاثر ہیں۔

آج کے لیے شدید بارش کی پیشگوئی کی گئی تھی، لیکن ریاست کے کسی علاقے سے شدید بارش کی کوئی رپورٹ نہیں ملی۔ البتہ مٹی کے کٹاؤ اور مشکل گزار راستوں کے بارے میں معلومات کے کمی کے سبب، NDRF کو، پھنسے ہوئے لوگوں تک پہنچنے میں دشواری کا سامنا ہے۔

سیپاہجالا ضلعے میں Sonamura ڈویژن کے تحت Battali اور Gharantali گاؤں میں لوگوں کی حالت ابتر ہوتی جا رہی ہے، کیونکہ گومتی اور رودرساگر جھیلوں میں پانی کی سطح لگاتار بڑھ رہی ہے۔ سیلاب کا پانی گھروں میں داخل ہو گیا ہے اور لوگوں کے پاس گھروں کے خالی کرنے کے علاوہ کوئی دوسرا طریقہ نہیں ہے۔

S/B Flood Affected Person

بہت سی تنظیمیں لوگوں کو مدد اور راحت فراہم کرنے کے لیے آگے آئی ہیں۔ ایسی ہی ایک تنظیم کویت پرواسی فاؤنڈیشن ہے، جو سیلاب سے متاثرہ لوگوں کو مدد فراہم کر رہی ہے۔ یہ لوگ یہاں کھانے کی خشک چیزیں فراہم کر رہے ہیں۔x

## ***CHIRAG PASWAN PRESIDENT***

مرکزی وزیر چراغ پاسوان کو آج پھر سے پانچ سال کیلئے لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) کا صدر چن لیا گیا۔ یہ فیصلہ، رانچی میں پارٹی کی قومی ایگزیکیٹو میٹنگ میں اتفاقِ رائے سے کیا گیا۔ چراغ پاسوان نے بتایا کہ میٹنگ

میں ہریانہ، جموں کشمیر اور جھارکھنڈ میں آنے والے اسمبلی انتخابات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ جناب پاسوان نے کہا کہ جھارکھنڈ میں پارٹی یا تو قومی اتحادی ساجھیدار BJP کے ساتھ یا اپنے طور پر چناؤ لڑ سکتی ہے۔ x

## AIRF UPS

آل انڈیا Railwaymen's فیڈریشن، AIRF نے مرکزی سرکار کی جانب سے یونیفائیڈ پنشن اسکیم UPS کو منظوری دیئے جانے کا خیر مقدم کیا ہے۔ نئی دلّی میں آج ایک پریس کانفرنس کے دوران AIRF کے جنرل سکریٹری Shiva گوپال مشرا نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اس اسکیم سے تقریباً 23 لاکھ سرکاری ملازمین کو فائدہ ہوگا۔ جناب مشرا نے کہا کہ UPS میں ملازمین کی تجاویز اور گزارشات کا خیال رکھا گیا ہے۔ انھوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ انھوں نے ان کے مطالبات پر توجہ دی اور اُن کے ساتھ بات چیت کی۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے جناب مشرا نے کہا کہ UPS سے سرکاری ملازمین اور اُن کے کنبوں کو روزگار کا تحفظ فراہم ہوگا۔ x

## NASA ASTRONAUTS SPACEX

Nasa کے دو خلا نورد، سنیتا ولیمس اور Barry Wilmore ، فروری 2025 میں SpaceX کے ذریعے کرۂ ارض پر واپس آئیں گے۔ اصل میں تو یہ لوگ 8 دن کے مشن پر تھے، لیکن انہیں تقریباً 8 مہینے خلا میں ہی گزارنے پڑیں گے، کیونکہ اِن کے، بوئنگ اسٹار لائنر طیارے میں کچھ خرابیاں پیدا ہو گئی ہیں۔

خلا نورد سنیتا ولیمس اور بَیری وِلمور کو، بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر، کچھ نادیدہ حالات کے سبب اپنی مقررہ مدّت سے زیادہ عرصے تک رُکنا پڑ رہا ہے، جس کی وجہ سے اِس مشن کے بارے میں تشویش پیدا ہو گئی ہے۔ SpaceX کے مشن کے تحت، خصوصی طور پر ترمیم شدہ Crew Dragon خلائی طیارے کو، بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر بھیجا جائے گا۔ یہ طیارہ، لائف سپورٹ نظام اور دیگر خاصیتوں سے لیس ہے، جن کے سبب، اس بات کو یقینی بنایا گیا ہے کہ خلا نورد کرۂ ارض پر واپس آتے ہوئے محفوظ رہیں۔ ناسا کے منتظم بِل نیلسن نے، SpaceX کی صلاحیت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ یہ مشن اب 2025 کی پہلی سہ ماہی میں بھیجا جائے گا۔ اس خبر سے خلا سے وابستہ افراد اور خلا نوردوں کے کنبوں کو بڑی راحت ملی ہے۔ x

## HEZBOLLAH LAUNCHED RETALIATORY

مغربی ایشیا میں کشیدگی میں خاطر خواہ اضافے کے تناظر میں حزب اللہ نے اسرائیل کے خلاف جوابی حملہ کیا، جو حزب اللہ کے اعلیٰ سطح کے فوجی لیڈر Faoud Shukur کے قتل کے انتقام کا پہلا مرحلہ ہے۔ آج صبح یہ حملہ 30 جولائی کو بیروت کے جنوبی علاقے میں شکور کی ہلاکت کے تین ہفتے بعد ہوا ہے۔

اسی دوران اسرائیل نے اعلان کیا ہے کہ اُس نے حزب اللہ کے حملے سے پہلے 100 جنگی طیاروں کا استعمال کرکے پیش بندی کے طور پر لبنان میں حملہ کیا ہے۔ اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اسے پتہ چلا کہ اسرائیل کے خلاف بڑے پیمانے پر حملے کی تیاریاں ہو رہی ہیں، جس کے بعد یہ کارروائی کی گئی۔

اُدھر اسرائیلی وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے دعویٰ کیا ہے کہ بمباری میں ہزاروں راکٹ تباہ کر دیئے گئے اور 40 سے زائد لانچ پلیٹ فارمز کو نشانہ بنایا گیا۔ اسرائیل نے لبنان میں حزب اللہ کے خلاف پیش بندی حملے کے بعد آج صبح 48 گھنٹے کی ملک گیر ایمرجنسی کا بھی اعلان کیا ہے۔

اسی دوران عالمی برادری، رونما ہونے والے اِن واقعات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ امریکی وزیر دفاع لائیڈ آسٹن نے آج صبح نیتن یاہو سے بات کی اور اسرائیل کیلئے امریکی حمایت کا اعادہ کیا۔x

## ***INDIA SURING QUOTAS - ASIAN GAMES***

ایک بڑی کامیابی کے تحت بھارت کی Surfing ٹیم نے، جاپان کے Aichi-Nagoya میں 2026 کے ایشیائی کھیل مقابلوں میں پہلی بار جگہ بنا لی ہے۔ مردوں اور خواتین دونوں کی ٹیموں نے، مالدیپ میں منعقدہ ایشین سرفنگ چیمپئن شپ 2024 میں یہ مقام حاصل کیا ہے۔ اِن ٹیموں کو، درجہ بندی کی بنیاد پر اِن مقابلوں میں شامل کیا گیا ہے۔

سرفنگ مقابلے سمندر کی لہروں پر، بورڈ پر سواری کرنے کے مقابلے ہوتے ہیں، جن میں ایتھلیٹس اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ x

## ***RUSSIA ATTACK***

روس کے Belgorod Oblast خطے میں Rakitnoye گاؤں پر آج یوکرین کی مسلح افواج کی جانب سے کیے گئے حملے میں 5 لوگوں کی موت ہوگئی اور دیگر 12 افراد زخمی ہوگئے۔ علاقے کے گورنر Vyacheslav Gladkov نے کہا ہے کہ حملے سے مقامی بنیادی ڈھانچے کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ دس رہائشی مکانات، دو تجارتی عمارتیں اور چار مسافر موٹر گاڑیاں تباہ ہوگئی ہیں۔ انتظامیہ گھر گھر جاکر اس حملے میں ہوئے نقصان کا اندازہ لگائے گی۔
x

## ***PAK BUS ACCIDENT***

پاکستان میں، آج دو الگ الگ بس حادثوں میں 11 عقیدتمندوں سمیت کم سے کم 37 افراد ہلاک اور کئی زخمی ہو گئے۔ پہلا حادثہ بلوچستان میں مکران کی ساحلی شاہراہ سے کچھ دور پیش آیا۔ اس حادثے میں 11 افراد ہلاک اور 35 زخمی ہو گئے۔ یہ بس شیعہ عقیدتمندوں کو ایران سے، صوبۂ پنجاب واپس لا رہی تھی۔

ایک اور حادثے میں 35 افراد ہلاک اور 3 زخمی ہو گئے۔ اس بس میں 35 افراد سوار تھے کہ یہ بس پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں ایک کھائی میں جا گری۔

صدر آصف زرداری نے حادثوں کے تئیں افسوس کا اظہار کیا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆